# جنس اور

# صنف پر مبنی تشدد سے متعلق معلومات



IOM
UN MIGRATION

## ہمارے بارے میں!

تحفظ یعنی PROTECT پروجیکٹ کا مقصد جنس اور صنف پر مبنی تشدد کے شکار افراد کے لیے قومی معاون خدمات کو تقویت دینا ہے۔ تحفظ PROTECT ان خدمات کو پناہ گزینوں، پناہ کے طالبین اور تارکینِ وطن، خواہ بچے ہوں یا بالغ، اور LGBTI کے طور پر معروف افراد کے لیے دستیاب بنانے کا بھی عزم رکھتا ہے۔

https://eea.iom.int/PROTECT-project

یوروپی یونین کے حقوق، مساوات اور شہریت کے پروگرام کے مالی تعاون سے (2014-2020)

## یاد رکھیں

### SGBV آپ کی غلطی نہیں ہے!

دنیا بھر میں بہت سی عورتیں، مرد، لڑکیاں، اور لڑکے اپنی زندگی میں جسمانی یا جنسی بدسلوکی یا SGBV کی دیگر صورتوں کا سامنا کرتے ہیں۔ جنس اور صنف پر مبنی تشدد کا شکار کوئی بھی ہوسکتا ہے۔

### آپ تنہا نہیں ہیں! مدد دستیاب ہے!

ایسے لوگ موجود ہیں جو مدد کرسکتے ہیں جیسے کہ ڈاکٹرز، پولیس افسران، سماجی کارکن۔ اگر آپ کو کبھی SGBV کا سامنا ہوا ہو یا سامنا ہورہا ہو، تو اپنے بھروسے کے شخص کو بتائیں یا مذکورہ بالا اداروں سے رابطہ کریں۔

### دوسروں کو بھی محفوظ رہنے میں مدد کریں!

اگر کوئی ایسا فرد آپ سے مدد طلب کرے جسے SGBV کا سامنا ہوا ہو یا سامنا ہورہا ہو، تو ان کی بات سنیں اور انہیں یہ یاد دلائیں کہ SGBV ان کی غلطی نہیں ہے اور وہ تنہا بھی نہیں ہیں۔ انہیں بتائیں کہ مدد دستیاب ہے اور انہیں معاونت کے حصول کی ترغیب دیں۔ اگر وہ رضامند ہوں تو آپ ساتھ مل کر مذکورہ بالا اداروں سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

یہ کتابچہ اور ویڈیودیگر لوگوں کو بھی دیں
تاکہ یہ زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچ جائے!

https://youtu.be/zHzYDLcT0d4

**اٹلی میں ہر** شخص کو برابر کے حقوق حاصل ہیں، خواہ ان کی عمر، جنس، زبان، مذہب، قومیت وغیرہ کچھ بھی ہو۔

آپ کو کسی بھی قسم کے تشدد سے آزاد ہوکر زندگی گزارنے کا حق حاصل ہے۔ اگر کوئی شخص آپ کو یا آپ کے واقف کار کسی فرد کو اذیت پہنچاتا ہے یا اذیت پہنچانے کی دھمکی دیتا ہے، تو یاد رکھیں کہ آپ کو مدد اور تحفظ کے حصول کا حق حاصل ہے۔

آپ تنہا نہیں ہیں۔ مدد دستیاب ہے۔

# جنس اور صنف پر مبنی تشدد (SGBV)

## SGBV سے کیا مراد ہے؟

جنس اور صنف پر مبنی تشدد (SGBV) ایک ایسا عمل ہے جس کا ارتکاب کسی فرد کی مرضی کے بغیر، صنفی معیارات اور غیر متوازی طاقت کے حامل رشتوں کی بنیاد پر کیا جائے۔ اس میں ایسے افعال شامل ہوتے ہیں جو جسمانی، جنسی، نفسیاتی یا معاشی نقصان یا اذیت پہنچاتے یا پہنچا سکتے ہوں۔



## جنس، صنف اور صنفی شناخت کے درمیان کیا فرق ہے؟



کسی فرد کی جنس کا تعلق پیدائش کے وقت حیاتیاتی خصوصیات سے ہوتا ہے، جو یہ وضاحت کرتی ہیں کہ وہ فرد مرد ہے یا عورت، جبکہ صنف سے مراد وہ رویے اور خواص ہیں جو سماجی طور پر تشکیل پاتے ہیں اور حیاتیاتی جنس کی بنیاد پر کسی فرد کے لیے متعین ہوتے ہیں، یعنی عورت یا مرد ہوتے ہوئے (انہیں کیسا لباس پہننا چاہیے اور خود کو ظاہر کرنا چاہیے، ان کے کردار اور ذمہ داریاں کیا ہونی چاہئیں، وغیرہ)۔

کسی فرد کی صنفی شناخت سے مراد ہر فرد کے اپنے اندرونی اور انفرادی صنفی تجربے کا گہرا احساس ہے، جوکہ پیدائش کے وقت متعین کردہ جنس سے مطابقت رکھ بھی سکتا ہے اور نہیں بھی، بشمول اپنے جسم کے حوالے سے ذاتی شعور (جس میں، آزادانہ فیصلے کی صورت میں، جسمانی خدوخال یا افعال کو طبی، سرجری یا دیگر طریقوں سے تبدیل کرنا شامل ہوسکتا ہے) اور صنف کے دیگر اظہارات، جن میں لباس، گفتگو اور طور طریقے وغیرہ شامل ہیں۔

## SGBV کی کتنی اقسام موجود ہیں؟

SGBV کی بہت سے صورتیں ہیں۔ جنسی تشدد سب سے زیادہ رپورٹ کردہ اقسام میں سے ایک ہے۔

- **جنسی تشدد** میں دیگر افعال کے علاوہ، زنا بالجبر/ زنا بالجبر کی کوشش ، جنسی بدسلوکی، جنسی استحصال، اور جنسی طور پر ہراساں کیا جانا شامل ہیں۔ اس کی کئی صورتیں ہوسکتی ہیں جیسے کہ جسم کو زبردستی چھونا، جنسی اعضاء کو چوٹ پہنچانا، ناپسندیدہ جنسی تبصرے، کسی کے ساتھ زنا پر مجبور کرنا، جنسی افعال دیکھنے پر مجبور کرنا، برہنہ ہونے پر مجبور کرنا۔ جنسی تشدد کا مطلب صرف زنا ہی نہیں ہے۔ اس کا تعلق تشدد، استحصال، اور طاقت اور/ یا اختیار کے غلط استعمال سے ہے۔
- **SGBV کی دیگر مثالوں میں شامل ہیں:** دھمکیاں، بے عزتیاں، مار پیٹ؛ شادی پر یا اسقاطِ حمل کرنے یا نہ کرنے پر مجبور کرنا؛ بغیر تنخواہ کے یا آپ کی مرضی کے بغیر کام پر مجبور کرنا؛ ہراساں کرنا (نظروں، الفاظ، افعال سے)؛ دھمکیوں یا جبر یا دباؤ کی دیگر اقسام کا استعمال کرتے ہوئے، یا رقم، جنسی فعل، مزدوری کے تبادلے کے طور پر آپ کے وطن سے اٹلی منتقل کرنا۔

## جنسی رضامندی سے کیا مراد ہے؟

جنسی رضامندی سے مراد جنسی سرگرمی میں ملوث ہونے پر راضی ہونا ہے۔ رضامندی کے بغیر کی جانے والی جنسی سرگرمی کو جنسی تشدد سمجھا جاتا ہے۔ رضامندی میں درج ذیل عوامل ہمیشہ شامل ہونے چاہئیں: (1) واضح اور باخبر ہو؛ (2) آزادی کے ساتھ دی گئی ہو؛ (3) آزادی کے ساتھ قبول کی گئی ہو؛ اور (4) کسی بھی وقت اس رضامندی کو واپس لیا جاسکتا ہو۔

رضامندی ایسے فرد کی جانب سے نہیں دی جاسکتی جو شراب کے نشہ میں یا منشیات کے زیر اثر ہو نہ ہی اپنی طرف سے ایسے کسی فرد کو رضامندی دینے کا اختیار حاصل ہے۔ ایسے معاملات بھی ہوتے ہیں کہ جب جسمانی یا ذہنی معذوریوں کے باعث رضامندی ممکن نہیں ہوتی۔ یاد رکھیں: آپ کسی بھی وقت اپنا ارادہ تبدیل کرسکتے ہیں، خواہ آپ پہلے جنسی سرگرمی پر متفق ہی کیوں نہ ہوگئے ہوں۔

جنسی رضامندی کی عمر سے مراد یہ ہے کہ کسی جنسی سرگرمی پر قانونی رضامندی دینے کے لیے کسی فرد کی عمر کتنی ہونی چاہیئے۔ اٹلی کے قانون کے مطابق، رضامندی کی عمر عموماً 14 سال ہے۔

## SGBV کس کے ساتھ رونما ہوسکتا ہے؟

SGBV کسی کے بھی ساتھ رونما ہوسکتا ہے اور اس میں کبھی بھی مظلوم فریق کی غلطی نہیں ہوتی۔ عورتیں اور مرد، لڑکیاں اور لڑکے، بالغ اور بچے، معمر افراد اور LGBTI کے طور پر معروف افراد سبھی SGBV کا شکار ہوسکتے ہیں۔ SGBV کبھی بھی قابلِ جواز نہیں ہوتا۔

## SGBV کا ارتکاب کون کرسکتا ہے؟

کوئی بھی شخصSGBV کا ارتکاب کرسکتا ہے۔ ارتکاب کرنے والا شخص آپ کا واقف کار بھی ہوسکتا ہے، جیسے کہ خاندان کا فرد، کوئی دوست یا کوئی رومانی پارٹنر، یا پھر کوئی بالکل ہی اجنبی بھی ہوسکتا ہے۔

## SGBV کہاں رونما ہوسکتا ہے؟

SGBV کسی بھی جگہ رونما ہوسکتا ہے: آپ کے اپنے ملک میں، دوسرے ملک کے سفر کے دوران، اور اپنے موجودہ رہائشی ملک میں۔ یہ عوامی مقامات اور نجی گھروں میں، کام کرنے کی جگہ میں، حراستی مراکز اور قید خانوں میں، مختلف مقامات پر روکے جانے کے دوران اور چیک پوائنٹس پر رونما ہوسکتا ہے۔

## کیا SGBV میری غلطی کے باعث ہوتا ہے؟

SGBV میں کبھی بھی مظلوم فرد کی غلطی نہیں ہوتی۔ صنفی معیارات اور غیر مساوی اختیار پر مبنی تعلقات SGBV کی بنیادی وجوہات ہیں۔ صرف اور صرف اس کا ارتکاب کرنے والا شخص ہی موردِ الزام ہوتا ہے۔

## اگر میں اپنے بچاؤ کے لیے نہ لڑوں تو کیا ہوگا؟

پُرتشدد فعل کے دوران اپنے بچاؤ کے لیے نہ لڑنا بہت عام سی بات ہے کیونکہ آپ خوف و ہراس کا شکار ہوسکتے ہیں اور خود کو بے یارومددگار یا لاچار محسوس کرسکتے ہیں اور آپ کو معلوم نہیں ہوتا کہ اس صورتحال سے نکلنے کے لیے کیا کیا جائے۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ آپ تشدد پر راضی ہیں۔

تشدد کے کسی بھی ردعمل، بشمول حملے کے دوران اپنے جذبات میں ہیجان پیدا ہونے، سے آپ کی جنسی حیثیت تبدیل نہیں ہوتی اور اس کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ آپ اس سے لطف اندوز ہوئے یا آپ نے اس کی خواہش کی تھی۔

## اگر مجھے رقم، مدد یا دیگر اشیاء کے عوض جنسی عمل کے لیے کہا جائے تو کیا ہوگا؟

کسی کو بھی یہ حق حاصل نہیں ہے کہ وہ آپ کو زنا پر مجبور کرے یا کسی ایسی چیز کے بدلے آپ کو زنا پر رضامند کرے جس کی آپ کو ضرورت یا خواہش ہو۔

اگر کوئی شخص آپ کو رقم، مدد یا دیگر چیزوں کے بدلے زنا پر مجبور کرتا ہے، تو یہ جنسی استحصال اور تشدد کی ایک قسم ہو گی۔

اٹلی میں، اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے، تو کسی شخص کی جانب سے آپ کو رقم، مدد، یا دیگر چیزوں کے بدلے زنا کی پیشکش کرنا ہمیشہ ایک جرم ہوتا ہے۔

## SGBV کے کیا نتائج ہیں؟

SGBV کے جسمانی اور جذباتی دونوں طرح کے نتائج مرتب ہوتے ہیں۔ جسمانی طور پر، SGBV دیگر نقصانات کے علاوہ جسمانی اذیت، درد، اور انفیکشنز کا باعث بن سکتا ہے۔ عورتیں اور لڑکیاں بغیر خواہش کے حاملہ ہوسکتی ہیں اور مرد اور لڑکے بھی جسمانی اذیت کا شکار ہوسکتے ہیں۔ SGBV کے جذباتی نتائج میں شدید ذہنی صدمہ، ڈراؤنے خواب، بے خوابی، سر درد، اور بہت سے مختلف احساسات جیسے کہ غصہ، شرمندگی، اداسی، احساسِ جرم اور خوف شامل ہوسکتے ہیں۔ تمام احساسات اپنا جواز رکھتے ہیں۔ اٹلی میں اس ظلم کا شکار ہونے والے افراد کی مدد کے لیے پیشہ ورانہ اور رازدارانہ خدمات موجود ہیں۔ آپ تنہا نہیں ہیں۔

**یاد رکھیں!**

کوئی بھیSGBV کا شکار بن سکتا ہے

SGBV مظلوم فرد کی غلطی کے باعث ہرگز نہیں ہوتا

SGBV ہمیشہ ناقابلِ قبول ہوتا ہے

آپ مدد طلب کرسکتے ہیں



# دستیاب خدمات

## اگر میں یا میرے کسی واقف کار کو SGBV کا سامنا ہوا ہو یا کسی اور پر اسے ہوتا دیکھا ہو تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

اگر آپ کو SGBV کا سامنا ہوا ہو، کسی اور پر اسے ہوتا دیکھا ہو، یا اس کا شبہ ہو تو آپ خاندان کے کسی فرد، کسی رشتے دار یا اپنے بھروسے کے حامل کسی بھی بالغ فرد کو بتا سکتے ہیں۔

آپ تنہا نہیں ہیں۔ آپ اپنے رہائشی مقام پر مرکزِ استقبالیہ کے عملہ یا اپنے سرپرست سے ہمیشہ ہی مدد طلب کرسکتے ہیں۔ دیگر کچھ لوگ بھی ہیں جو رازداری کے ساتھ آپ کی مدد کرسکتے ہیں، جیسے کہ اساتذہ، سماجی کارکن، پولیس افسران، ڈاکٹرز۔ اس کے علاوہ، آپ تارکینِ وطن اور پناہ گزینوں کے اداروں ، خواتین کے اداروں اور انسدادِ تشدد کے مراکز (CAV) سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

آپ ہنگامی خدمات سے رابطے کے لیے 112 کے ٹیلیفون نمبر پر کال کرسکتے ہیں:
CARABINIERI (ملٹری پولیس)
POLIZIA DI STATO (ریاستی پولیس)
PRONTO SOCCORSO (ابتدائی طبی امداد)

کال اور خدمات بالکل مفت اور پورے سال، ہفتے کے 7 دن، دن کے 24 گھنٹے دستیاب ہیں۔



## اس کے علاوہ آپ:



### بردہ فروشی کے خلاف قومی ہاٹ لائن پر کال بھی کرسکتے ہیں:

290 290 800۔ ٹول فری نمبر گمنام ہے اور پورے سال، ہفتے کے 7 دن، دن کے 24 گھنٹے دستیاب ہوتا ہے۔ آپریٹرز 13 مختلف زبانوں میں معلومات اور معاونت فراہم کرتے ہیں۔ ان سے کوئی بھی مدد لے سکتا ہے: نہ صرف بردہ فروشی یا استحصال کے ممکنہ شکار افراد، بلکہ نجی شہری، قانون نافذ کرنے والے ادارے، عوامی یا نجی اداروں کے نمائندے، اور پیشہ ورانہ تنظیموں کے ارکان جو استحصال اور بدسلوکی کے معاملات سے آگاہ ہوں اور ان مسائل کی اطلاع فراہم کرنا چاہتے ہوں یا اس بارے میں ان کے پاس معلومات ہوں۔

### تشدد اور پیچھا کیے جانے پر قومی ہیلپ لائن کو کال کریں:
.1522

یہ نمبر بالکل مفت ہے اور پورے سال، ہفتے کے سات دن، دن کے 24 گھنٹے فعال رہتا ہے۔ یہاں آپ مذکورہ بالا ہاٹ لائن کے بارے میں انگریزی، فرانسیسی، ہسپانوی اور عربی میں مزید معلومات حاصل کرسکتے ہیں:
https://www.1522.eu

### ہنگامی صورتحال میں مبتلا بچوں کے لیے قومی ہیلپ لائن پر کال کریں:
**.114**

کیے جانے کی سنگین کیفیت کی صورت میں۔ یہ نمبر بالکل مفت ہے اور پورے سال، ہفتے کے سات دن، دن کے 24 گھنٹے فعال رہتا ہے۔

تنظیم **“Telefono Azzurro”** کی جانب سے بچوں اور نوعمر افراد کے لیے فراہم کردہ ہاٹ لائن پر کال کریں: 1.96.96۔ یہ ٹول فری نمبر ہے اور 24 گھنٹے خدمت دستیاب ہے۔ خدمت کے بارے میں مزید معلومات یہاں فراہم کی گئی ہیں: http://english.azzurro.it

زنانہ تناسلی اعضاء کی قطع و برید **(FGM)** کی شکار خواتین قومی ہیلپ لائن پر کال کریں: 558 300 800 ۔ یہ نمبر بالکل مفت ہے اور پیر سے جمعہ صبح 8:00 بجے سے دوپہر 2:00 بجے تک اور سہ پہر 3:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک فعال رہتا ہے۔

**http://comecitrovi.women.it** پر جائیں اور نقشے پر اپنا قریب ترین مرکز برائے انسدادِ تشدد (CAV) تلاش کریں۔

